۹۔ ابوایوب سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "چار چیزیں سنن المرسلین ہیں: ختنہ کروانا،[1] عطر لگانا، مسواک کرنا اور نکاح۔"

(رواہ ترمذی واحمد)

اس تمام بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ ختنہ کروانا سب سے اہم فطرت، شعارِ اسلام، عنوانِ شریعت اور تمام مسلم مردوں پر واجب ہے۔ جو شخص مسلم ہونے کے باوجود اس بات کا علم نہ رکھے اور بلوغت سے قبل اپنے اوپر اس حکم کا نفاذ نہ کرے وہ گنہگار، معصیت کا مرتکب، ناپاکی اور حرام دو رزریں واقع ہوگا۔

(جاری ہے)

---

[1] بعض نسخوں میں "ختنہ" کی جگہ "الحیاء" اور بعض میں "الحناء" وارد ہوا ہے لیکن ابوالحجاج المزی کی تحقیق کے مطابق ان نسخوں میں "الحیاء" اور "الحناء" دونوں غلط ہیں۔ شیخ محاملی سے ثابت ہے کہ انہوں نے حدیث میں لفظ "الختان" اپنے شیخ سے روایت کیا ہے جس سے امام ترمذیؒ نے بھی روایت لی ہے۔ تفصیل کے لیے "تحفۃ المودود فی احکام المولود مصنفہ امام ابن القیمؒ صد ۹۳ ملاحظہ فرمائیں۔

شعر و ادب — جناب فضل رو پڑی

سب کچھ ہے!

آسماں ہے زمیں ہے سب کچھ ہے — کائناتِ حسیں ہے، سب کچھ ہے
مال و دولت کی ہے فراوانی — اک سکوں ہی نہیں ہے، سب کچھ ہے
کسبِ دولت میں منہمک ہیں سبھی — ذرا فرصت نہیں ہے، سب کچھ ہے
ساری آسائشیں میسّر ہیں — کوئی وارث نہیں ہے، سب کچھ ہے
ہے غریبوں کے پاس صبر و سکوں — گرچہ دولت نہیں ہے، سب کچھ ہے
اس کو پرواہ کچھ نہیں جس کا
احکم الحاکمیں ہے، سب کچھ ہے